سوال

(675)جس شخص کا جمعہ فوت ہوجائے وہ نماز ظہر ادا کرے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب میں مسجد میں باجماعت نماز جمعہ ادا نہ کرسکوں تو کیا جمعہ کی نیت سے گھر میں دو رکعتیں پڑھوں یا ظہر کی نیت سے چار رکعات ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص کسی شرعی عذر مثلاً بیماری وغیرہ یا دیگر اسباب کی وجہ سے مسلمانوں کے ساتھ مل کر نماز جمعہ ادا نہ کرسکے تو اسے نماز ظہر پڑھنی چاہیۓ اسی طرح عورت مسافر اور بادیہ نشین لوگ بھی نماز ظہر ادا کریں گے جیسا کہ سنت سے ثابت ہے اکثر اہل علم کا بھی یہی قول ہے اور ان سے الگ راہ اختیار کرنے والے کا کوئی اعتبار نہیں ۔ (شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر531

محدث فتویٰ